ضلع رحیم یار خان سے ہمیشہ محبت، رواداری اور بین المسالک ہم آہنگی کا مثبت پیغام ملا ہے جو قابل تحسین ہے، سوشل میڈیا پر کسی بھی شر پسند سرگرمی کو برداشت نہیں کیا جائیگا: عرفان علی کاٹھیا

شدید گرمی میں عزاداروں کو سر پھاڑنے اور ٹھنڈا پانی فراہم کیا جائیگا

آر پی او کمشنر بہاولپور

محرم الحرام کے انتظامات ڈویژنل سطح پر قبل از وقت تمام مکاتب فکر کے اکابرین اور متعلقہ اداروں کی مشاورت سے مکمل کر لیے گئے ہیں جبکہ سکیورٹی اور انتظامی امور کو حتمی شکل دی جا چکی ہے

حکومت پنجاب محرم الحرام کے دوران قیام امن اور عوامی سہولیات کی فراہمی کیلئے بھرپور اقدامات کر رہی ہے، واسا، تھرا پنجاب پروگرام اور دیگر متعلقہ ادارے محرم الحرام کے دوران مکمل طور پر متحرک رہیں، شدید گرمی کے پیش نظر وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر عزاداروں اور شہریوں کو ہیٹ ویو سے محفوظ رکھنے کیلئے اہم مقامات پر ہیٹ ویو کیمپس اور ٹھنڈے پانی کی سبیلیں قائم کی جائیں گی

تمام مکاتب فکر، قانون نافذ کرنیوالے ادارے اور شہری قیام امن کیلئے متحد ہیں اور ہماری یکجہتی کے ہوتے ہوئے کوئی بھی امن و امان کو نقصان نہیں پہنچا سکتا: غازی صلاح الدین کا اجلاس سے خطاب

رحیم یار خان (ہیڈ آفس) کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا کی زیر صدارت ڈپٹی کمشنر ٹمس رحیم یار خان میں محرم الحرام کے انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ریجنل پولیس آفیسر بہاولپور غازی صلاح الدین، ڈپٹی کمشنر رحیم یار خان طیبہ انور چہ، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عرفان علی حسن، ممبران امن کمیٹی، علماء کرام اور متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا نے کہا کہ محرم الحرام کے انتظامات ڈویژنل سطح پر قبل از وقت تمام مکاتب فکر کے اکابرین اور متعلقہ اداروں کی مشاورت سے مکمل کر لیے گئے ہیں جبکہ

باقی صفحہ آخر پر نمبر 2

رحیم یار خان: کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا، ریجنل پولیس آفیسر بہاولپور غازی صلاح الدین محرم الحرام کے انتظامات کے سلسلہ میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں، ڈپٹی کمشنر طیبہ انور چہ اور ڈی پی او عرفان علی سموں ہمراہ موجود ہیں

Online-www.dailysaafsaaf.com Email-dailysaafsaaf@yahoo.com
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED رحیم یار خان کا کثیر الاشاعت روزنامہ
Daily SAAF SAAF Rahim Yar Khan
روزنامہ صف صف رحیم یار خان پاکستان
چیف ایڈیٹر حبیب اللہ ملک
ایڈیٹر: انجینئر شہریار ملک
0345/0334-8676363
جلد نمبر 25 | بروز جمعۃ المبارک 12 جون 2026ء 26 ذوالحجہ 1447ھ | قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 297

صدارت کیلئے میاں عامر شہباز کی نامزدگی تو ہو چکی مگر اصل میدان اب سیٹوں کی بندر بانٹ کا ہے، حاجی ابراہیم گروپ، چوہدری شفیق چناب گروپ اور چوہدری عبدالروف گروپ آمنے سامنے

اختلاف برقرار رہا تو مقابلہ سخت ہوگا

الیکشن ایوان صنعت و تجارت رحیم یار خان، گروپ بندی کا عمل جاری

سیٹوں کی تقسیم اہم مرحلہ

حاجی ابراہیم گروپ، چوہدری شفیق چناب گروپ، عبدالرؤف گروپ کے درمیان مشاورت کا سلسلہ جاری ہے

چیمبر آف کامرس کے آنے والے انتخابات سے پہلے ہی سیاسی درجہ حرارت عروج پر پہنچ گیا، گروپوں کے درمیان سیٹوں کی تقسیم پر ایسا ڈیڈ لاک پیدا ہو گیا ہے کہ اتحاد ٹوٹنے کے خطرات منڈلانے لگے ہیں، اندرونی ذرائع کے مطابق مذاکرات کی بارہا ناکام ہو چکے ہیں اور کسی بھی وقت اتحاد بکھر سکتا ہے

تجربہ یہی بتاتا ہے کہ جب ذاتی مفادات اجتماعی مفاد پر غالب آ جائیں تو مضبوط سے مضبوط اتحاد بھی زمین بوس ہو جاتا ہے، اگر یہی صورتحال برقرار رہی تو نہ صرف چیمبر کی سیاست تقسیم ہو جائے گی بلکہ کاروباری برادری کا اتحاد بھی متاثر ہوگا، سیاسی پنڈتوں کا کہنا ہے کہ اگر سیٹ ایڈجسٹمنٹ نہ ہو سکی تو سب سے زیادہ نقصان چوہدری عبدالروف گروپ کو ہوگا جو اس وقت دباؤ کا شکار دکھائی دیتا ہے، ایسی صورت میں الیکشن میں سخت مقابلہ ہی نہیں بلکہ اپ سیٹ رزلٹ بھی سامنے آ سکتا ہے، آنے والے دن فیصلہ کن ہوں گے، یا تو مفاہمت ہوگی یا پھر چیمبر الیکشن ایک بڑی سیاسی جنگ میں تبدیل ہو جائے گا

رحیم یار خان (حبیب اللہ ملک) چیمبر آف کامرس کے آنے والے انتخابات سے پہلے ہی سیاسی درجہ حرارت عروج پر پہنچ گیا، گروپوں کے درمیان سیٹوں کی تقسیم پر ایسا ڈیڈ لاک پیدا ہو گیا ہے کہ اتحاد ٹوٹنے کے خطرات منڈلانے لگے ہیں۔ مصدرات کے مطابق ذرائع کے مطابق مذاکرات کی بارہا ناکام ہو چکے ہیں اور کسی بھی وقت اتحاد بکھر سکتا ہے۔ تجربہ یہی بتاتا ہے کہ جب ذاتی مفادات اجتماعی مفاد پر غالب آ جائیں تو مضبوط سے مضبوط اتحاد بھی متاثر ہوگا سیاسی پنڈتوں کا کہنا ہے کہ اگر سیٹ ایڈجسٹمنٹ نہ ہو سکی تو سب سے زیادہ نقصان چوہدری عبدالروف گروپ کو ہوگا جو اس وقت دباؤ کا شکار دکھائی دیتا ہے، ایسی صورت میں الیکشن میں سخت مقابلہ ہی نہیں بلکہ اپ سیٹ رزلٹ بھی سامنے آ سکتا ہے، آنے والے دن فیصلہ کن ہوں گے، یا تو مفاہمت ہوگی یا پھر چیمبر الیکشن ایک بڑی سیاسی جنگ میں تبدیل ہو جائے گا

باقی صفحہ آخر پر نمبر 1

رحیم یار خان: حاجی ابراہیم، میاں عامر شہباز، چوہدری شفیق چناب اور عبدالرؤف مٹاری کا فائل فوٹو

رحیم یار خان: کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا، ریجنل پولیس آفیسر بہاولپور غازی صلاح الدین محرم الحرام کے جلوس و مجالس کے روٹس اور امنی کنٹرول روم کا معائنہ کر رہے ہیں، ڈپٹی کمشنر طیبہ انور چہ اور ڈی پی او عرفان علی سموں برفنگ دے رہے ہیں۔

سڑک کراس کرنیوالے 6 سالہ کمسن بچے کو نامعلوم تیز رفتار گاڑی نے کچل ڈالا

رحیم یار خان (کرائم رپورٹر) سڑک کراس کرنیوالے 6 سالہ کمسن بچے کو نامعلوم تیز رفتار گاڑی نے کچل ڈالا، موقع پر جاں بحق۔ تفصیل کے

باقی صفحہ آخر پر نمبر 12

شدید گرمی اور ہیٹ ویو کے پیش نظر ریسکیو کے ہیٹ سٹروک کیمپ قائم

شہری موسم کی شدت کے باعث احتیاطی تدابیر پر عمل پیرا رہیں: ریسکیو حکام

رحیم یار خان (سٹاف رپورٹر) شدید گرمی

باقی صفحہ آخر پر نمبر 13

پنجاب بھر کی بار ایسوسی ایشنز کے نمائندگان کا اجلاس

صدر صادق آباد بار علی عمار جنرل سیکرٹری ذیشان ٹھکلی پنجاب حکومت کے مزدور دشمن اقدام کیخلاف ایکشن

صادق آباد (تفصیل رپورٹر) پنجاب سول

باقی صفحہ آخر پر نمبر 14

اجلاس میں شریک صدر بار علی محمود چوہدری، جنرل سیکرٹری ذیشان تنویر ٹھکلی اور دیگر بار رہنما نمائندگان کی فوٹو

حادثات کی روک تھام کیلئے موٹروے پولیس کی خصوصی آگاہی مہم

ڈرائیورز کو ٹائروں کی بروقت جانچ اور حفاظتی اقدامات اپنانے کی ہدایت

صادق آباد (تفصیل رپورٹر) آئی جی

باقی صفحہ آخر پر نمبر 15

ایران پر آج شدید حملے کر کے تیل و گیس کے ذخائر پر قبضہ کر لیں گے

ایرانی، عبریہ فضائیہ، ریڈار نظام اور عسکری صلاحیت تباہ ہو چکی ہیں: ٹرمپ

واشنگٹن (نیوز ڈیسک) صدر ڈونلڈ ٹرمپ

باقی صفحہ آخر پر نمبر 16

عدالت پیشی کے موقع پر مدعی اور مخالف فریق کے درمیان جھگڑا

فائرنگ کے نتیجے میں دو افراد محمد بخش اور غلام فرید شدید زخمی، ہسپتال منتقل

رحیم یار خان (کرائم رپورٹر) عدالت پیشی کے موقع پر مدعی اور مخالف فریق کے درمیان تلخ کلامی کے بعد اچانک جھگڑا اور

باقی صفحہ آخر پر نمبر 17

ٹریفک پولیس ایجوکیشن ہیوٹ کے انچارج شہباز گجر طلباء کو گلدستے دیتے ہوئے جبکہ پمفلٹ تقسیم کر رہے ہیں

صادق آباد: اہل تشیع رضا کاروں کی تربیتی ورکشاپ

سکیورٹی الرٹ ہوتو شرپسند پروگراموں کے نزدیک بھی نہیں پھٹک سکتے: انعام اللہ

رحیم یار خان (ہیڈ آفس) اے ایس پی صادق آباد انعام اللہ نے کہا ہے کہ سکیورٹی الرٹ ہوتو شرپسند پروگراموں کے نزدیک

باقی صفحہ آخر پر نمبر 18

دو حقیقی بھائیوں سمیت چار ملزمان نے دو حقیقی بہنوں کو اغواء کر لیا

پولیس نے باپ کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے تلاش شروع کر دی

رحیم یار خان (کرائم رپورٹر) دو حقیقی بھائیوں سمیت چار ملزمان نے رات کے اندھیرے میں دو حقیقی بہنوں کو اغواء کر لیا، پولیس نے باپ کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے مغوی بہنوں اور ملزمان کی تلاش

باقی صفحہ آخر پر نمبر 19

ہیلی کاپٹر حادثے کے شہدا کی نماز جنازہ ادا، وزیر اعظم اور فیلڈ مارشل کی شرکت

شہدا کے اہل خانہ اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد بھی نماز جنازہ میں شریک ہوئے

دو مسجدوں نیوں کی آخری رسومات راولپنڈی کے کرائسٹ چرچ میں ادا کی گئیں، شہدا کی قربانیاں قوم کیلئے مشعل راہ ہیں: شہباز شریف

راولپنڈی (نیوز ڈیسک) مظفر آباد میں ایم آئی 17 ہیلی کاپٹر کے حادثے میں شہید ہونے والے جوانوں کی نماز جنازہ راولپنڈی کے پنکلا لے گیریژن میں ادا کر دی گئی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ

باقی صفحہ آخر پر نمبر 11

وزیر اعظم شہباز شریف، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر مظفر آباد میں ایم آئی 17 ہیلی کاپٹر کے حادثے میں شہید ہونے والے جوانوں کی نماز جنازہ میں شریک ہیں

مسلم لیگ ن عوامی خدمت، ترقی اور خوشحالی کی سیاست پر یقین رکھتی ہے: شہباز حمزہ

صحت، تعلیم، انفراسٹرکچر، کسانوں کی معاونت اور نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کرنے کیلئے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں

ضلع پانی انتخابات انتہائی اہمیت کے حامل ہیں، سابق وزیر اعلیٰ پنجاب کی میاں امتیاز احمد اور احمد امتیاز سے ملاقات میں گفتگو

رحیم یار خان (سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) عوامی خدمت، ترقی اور

باقی صفحہ آخر پر نمبر 9

میاں امتیاز احمد احمد امتیاز سابق وزیر اعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز سے ملاقات کرتے ہوئے گلدستہ پیش کر رہے ہیں

چک 160 پی کے قریب نہر سے 30 سالہ معلوم نوجوان کی لاش برآمد

رحیم یار خان (کرائم رپورٹر) چک 160

باقی صفحہ آخر پر نمبر 10

بھاری پانی روکنے کی کوشش کے دور رس نتائج نکلیں گے: دفتر خارجہ

پانی روکنے کے کسی بھی اقدام کو انتہائی سنجیدگی سے لیا جائیگا، یہ عمل اقوام متحدہ کے چارٹر کے آرٹیکل 51 کے تحت جنگی اقدام کے مترادف سمجھا جا سکتا ہے، بھارت اپنی بین الاقوامی ذمہ داریوں کا احترام کرے: ہفتہ وار بریفنگ

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) دفتر خارجہ کے ترجمان ڈاکٹر شفقت علی خان نے کہا ہے کہ پاکستان کی بقا اور ترقی کے لیے ضروری پانی کو چاند پور جھگر روڈ کے کوئی بھی نوٹس دور رس نتائج کی حامل ہوگی۔ ہفتہ وار پریس بریفنگ میں دفتر خارجہ کے

باقی صفحہ آخر پر نمبر 8

رحیم یار خان: ڈپٹی کمشنر طیبہ انور چہ کھلی کچہری میں سائلین کے مسائل سن رہے ہیں۔

صادق آباد گیس سلنڈر پھٹنے سے کمسن بچہ جاں بحق

شہید کالونی میں پچہ سلنڈر میں گیس فلنگ کروانے کے بعد گھر واپس جا رہا تھا کہ اچانک سلنڈر زوردار دھماکے سے پھٹ گیا

آبادی والے علاقوں میں گیس کی ری فلنگ کا عمل بدستور جاری ہے، جس سے بڑے حادثات رونما ہونے کا خدشہ رہتا ہے

صادق آباد (نمائندہ خصوصی) شہید کالونی ڈائیوڈاوے کے قریب گیس سلنڈر پھٹنے کے المناک واقعے میں ایک کمسن بچہ جاں بحق ہو گیا۔ ذرائع کے مطابق پچہ سلنڈر میں

باقی صفحہ آخر پر نمبر 3

صادق آباد: سلنڈر پھٹنے سے جاں بحق ہونے والا بچہ

اوباش ہمسائے کی گھر میں داخل ہو کر دوشیزہ سے زیادتی کی کوشش

رحیم یار خان (کرائم رپورٹر) اوباش

باقی صفحہ آخر پر نمبر 4

حکومت کی کفایت شعاری پالیسی کے باوجود پیٹرولیم مصنوعات کے بل میں بڑا اضافہ

رواں مالی سال 26-2025 کے پہلے 9 ماہ (جولائی تا مارچ) میں ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کے درآمدی بل میں

53 کروڑ ڈالر کا اضافہ ہوا، ٹرانسپورٹ کے شعبے میں پیٹرولیم مصنوعات کی کھپت کل طلب کا 82 فیصد رہی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی

باقی صفحہ آخر پر نمبر 5

رحیم یار خان: سعادت پیشی کے موقع پر فریقین میں ہونیوالے جھگڑے کے مناظر

سابقہ رنجش پر خاتون سمیت دو ملزمان نے 8 ماہ کی حاملہ خاتون کو زہر پلا دیا

رحیم یار خان (کرائم رپورٹر) سابقہ رنجش

باقی صفحہ آخر پر نمبر 6

وزیر اعظم کی اپنا گھر اسکیم کی پورے ملک میں آگاہی مہم تیز کرنے کی ہدایت

67 ہزار سے زائد درخواستیں جمع، اسکیم میں شہریوں کی بڑی تعداد کا حصہ لینا انتہائی خوش آئند ہے، اسکیم کی کامیابی سے تعمیرات کے شعبے میں تیزی آئیگی، بینکوں کو درخواست فارم کو 15 دن کے اندر پراسیس کرنے کا پابند بنایا گیا ہے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وزیر اعظم شہباز شریف نے اپنا گھر اسکیم کو تعمیرات کے شعبے میں تیزی، اس سے منسلک صنعتوں کے فروغ اور معاشی ترقی کی رفتار بڑھانے کا باعث قرار دیتے ہوئے ملک بھر میں اسکیم کی

باقی صفحہ آخر پر نمبر 7

وزیر اعظم شہباز شریف پرائم منسٹر اپنا گھر اسکیم کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

عمدہ اور لذیذ مٹھائیوں کا مرکز
جالندھر سویٹس اینڈ بیکرز
شاہی روڈ رحیم یار خان فون 068-5885900

طاہر
ماہر امراض جلد
ڈی ایم ایس (لاہور) آنریری پی (پاکستان)
ڈی ایچ ایس (لاہور) آنریری پی (پاکستان)
ڈاکٹر حکیم حافظ محمد وسیم صادق
ہومیو سٹور اینڈ ہسپتال
بانو بازار رحیم یار خان فون: 068-5878320,5877170

صادق آباد: ٹائر پھٹنے سے ہونے والے حادثات کی روک تھام کیلئے موٹر وے پولیس کی خصوصی آگاہی مہم جاری ہے

جمعہ 01

زمین بیچ جو جاتا ہے۔ اگر یہی صورتحال برقرار رہی تو نہ صرف کشمیر کی سیاست ختم ہو جائے گی بلکہ کاروباری برادری کا اتحاد بھی متاثر ہوگا۔ سیاسی پنڈتوں کا کہنا ہے کہ اگر سیٹ ایڈجسٹمنٹ نہ ہوسکی تو سب سے زیادہ نقصان چوہدری عبدالرف گروپ کو ہوگا، جو اس وقت دباؤ کا شکار دکھائی دیتا ہے۔ اہل صورت میں الیکشن میں سخت مقابلہ ہی نہیں بلکہ ہیٹ ٹریک بھی سامنے آسکتا ہے۔ آنے والے دن فیصلہ کن ہوں گے۔۔۔ سابق وزیر اعظم عمران خان کی پارٹی جنوبی الیکشن ایک بڑی سیاسی جنگ میں تبدیل ہو جائے گا۔

جمعہ 02

سکیورٹی اور انتظامی امور کو حتمی شکل دی جا چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حلقہ کے مختلف سنگ پر دروں کا مقصد متعلقہ مسائل، تجاویز اور انتظامات کا جائزہ لے کر انہیں مزید مؤثر بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ جناب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات کے مطابق حکومت جناب مریم اعظم کے دوران قیام امن اور عوامی سہولیات کی فراہمی کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ صوبائی کابینہ جلد جہاں پور، اوچ شریف کا دورہ کر کے انتظامات کا جائزہ لے چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضلع رحیم یار خان سے بھیشہ محبت، رواداری اور بین الاسلامی ہم آہنگی کا مثبت پیغام ملا ہے جو قابل تحسین ہے۔ کشمنر وہاڑ، سوئی گیس، واسا، سٹمرا، ایلیٹ پولیس اور دیگر متعلقہ اداروں کو ہدایت کی گئی کہ وہ محرم الحرام کے دوران مکمل طور پر متحرک رہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہر کو صاف کے پیش نظر وزیر اعلیٰ جناب کی ہدایت پر عزاداروں اور شہریوں کو بہتر دیو سہولت کے لیے اہم مقامات پر پیٹ ویو کیمپس اور غسلخانے پانی کی سہلیوں کا قائم کیا جا چکا ہے۔ انہوں نے علماء کرام اور جلوسوں کے منتظمین پر زور دیا کہ وہ عزاداروں کو احتیاطی تدابیر اختیار کرنے اور شرائط پر عمل کرنے کی تلقین کریں۔ انہوں نے اسسٹنٹ کمشنر ڈرگ روڈ کو ہدایت اپنی ٹیموں میں ممبران ٹن کمیٹی کے ہمراہ جلوسوں اور جلاسوں کے مقامات کا دورہ اور دورہ کریں اور شہریوں کے مسائل کا فوراً حل یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا کی سائبر پیٹرولنگ کا عمل مسلسل جاری ہے اور کسی بھی شرپسند سرگرمی کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ چیف پولیس آفیسر بہاولپور غازی صلاح الدین نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تمام مکاتب فکر، قانون نافذ کرنے والے ادارے اور شہری قیام امن کے لیے متحد ہیں اور ہماری یکجہتی کے ہوتے ہوئے کوئی بھی امن دشمن کامیاب نہیں ہو سکتا۔ انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا کی نگرانی جاری ہے اور تمام متعلقہ ادارے مسلسل مانیٹرنگ کر رہے ہیں۔ کسی بھی غیر ذمہ دارانہ، اشتعال انگیز اقرقہ اور افواہ پوسٹ پر بلا امتیاز قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ آر پی او نے علماء کرام سے اپیل کی کہ وہ منبر و محراب کے ذریعے عوام میں سوشل میڈیا کے ذمہ دارانہ استعمال کا شعور اجاگر کریں اور والدین اپنے بچوں کی آن لائن سرگرمیوں پر بھی نظر رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ قیام امن کے لیے پولیس، قانون نافذ کرنے والے ادارے اور شہری قیام امن کے لیے متحد ہیں اور ہماری یکجہتی کے ہوتے ہوئے کوئی بھی امن دشمن کامیاب نہیں ہو سکتا۔ انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا کی نگرانی جاری ہے اور تمام متعلقہ ادارے مسلسل مانیٹرنگ کر رہے ہیں۔ کسی بھی غیر ذمہ دارانہ، اشتعال انگیز اقرقہ اور افواہ پوسٹ پر بلا امتیاز قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ آر پی او نے علماء کرام سے اپیل کی کہ وہ منبر و محراب کے ذریعے عوام میں سوشل میڈیا کے ذمہ دارانہ استعمال کا شعور اجاگر کریں اور والدین اپنے بچوں کی آن لائن سرگرمیوں پر بھی نظر رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ قیام امن کے لیے پولیس، قانون نافذ کرنے والے ادارے اور شہری یکجہتی کے ساتھ شقابات کے اندراج کے لیے چیف پولیس کا خصوصی سیل قائم کیا گیا ہے۔ شہری مشکوک یا اشتعال انگیز مواد کی اطلاع 03073097777 اور 03073087777 پر دے سکتے ہیں۔ ممبران ٹن کمیٹی نے مقامی انتظامیہ پر پولیس کی جانب سے محرم الحرام کے دوران امن و انتظامات کے بہتر طریقے آگاہ کیا گیا۔ کشمنر ڈی جی خان نے بتایا کہ ڈی جی خان کی سطح پر مشترکہ کنٹرول روم قائم کیا گیا ہے جو چوبیس گھنٹے کام کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ ضلع رحیم یار خان سے ہمیشہ محبت، رواداری اور بین الاسلامی ہم آہنگی کا مثبت پیغام ملا ہے جو قابل تحسین ہے۔ کشمنر نے وہاڑ، سوئی گیس، واسا، سٹمرا، ایلیٹ پولیس اور دیگر متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ وہ محرم الحرام کے دوران مکمل طور پر متحرک رہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہر کو صاف کے پیش نظر وزیر اعلیٰ جناب کی ہدایت پر عزاداروں اور شہریوں کو بہتر دیو سہولت کے لیے متعدد کیمپ اور غسلخانے قائم کیے جا چکے ہیں۔ انہوں نے علماء کرام اور جلوسوں کے منتظمین پر زور دیا کہ وہ عزاداروں کو احتیاطی تدابیر اختیار کرنے اور شرائط پر عمل کرنے کی تلقین کریں۔ انہوں نے اسسٹنٹ کمشنر ڈرگ روڈ کو ہدایت اپنی ٹیموں میں ممبران ٹن کمیٹی کے ہمراہ جلوسوں اور جلاسوں کے مقامات کا دورہ اور دورہ کریں اور شہریوں کو بہتر دیو سہولت کے لیے اہم مقامات پر پیٹ ویو کیمپس اور غسلخانے پانی کی سہلیوں کا قائم کیا جا چکا ہے